
لوگوں سے ہمیشہ اچھی بات کہیئے



قرآن کریم آپ کے اخلاق سنوارنا چاہتا ہے۔ کیسے؟ آپ کے
ہر عمل کی اصلاح کے ذریعہ۔ سب سے زیادہ عمل جو آپ
کرتے ہیں وہ زبان سے گفتگو والا عمل ہے۔ اس لئے قرآن
کریم میں صاف صاف حکم دیا گیا کہ آپ کی بات چیت اور لب
ولہجہ اچھا رہنا چاہئے۔ اللہ رب العزت کا حکم ہے۔۔

....وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً...



ہر وہ بات اچھی ہے جس سے:

- سننے والے کو فائدہ ہو
- ہر جگہ اچھا ماحول بنتا ہو
- آپ کو بھی خوشی محسوس ہوتی ہو

لہذا بات کرنے سے پہلے اللہ رب العزت
کا یہ حکم ضرور یاد رکھئے.

ہر ایک سے اچھی بات کیجئے۔ ہر حال میں اچھی بات کیجئے.

اللہ تعالی نے آپ کیلئے یہی بات بڑے خاص انداز سے بھی بیان فرمائی ہے:

وَقُل لِّعِبَادِیْ یَقُولُواْ الَّتِیْ هِیَ أَحْسَن....

میرے بندوں سے کہہ دو کہ زبان سے وہ بات نکالا
کریں جو بہترین ہو (سورہ بنی اسرائیل: ۵۳).





زبان سے نکلنے والے الفاظ
دل جوڑتے بھی اور دل
توڑتے بھی ہیں، آپ ہمیشہ
دل جوڑنے والی بات کیجئے.

آپ اتنے ہی اچھے ہیں
جتنی آپ کی زبان
اچھی ہے.

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
جنت میں جانے والوں کی پہچان
میں سے ایک پہچان اچھی گفتگو
(أَطِبِ الْكَلَامَ) بتائی ہے.



جب بھی بات کیجئے اچھی بات کیجئے
اگر اچھی بات کرنے کو نہ ہو تو
خاموشی اختیار کیجئے.

Pic Courtesy: Google

itqan

Sri Shrinivas Complex, # 3-12-71,
2nd Floor, Beside Noble Hospital,
Beroon Quila, Raichur - 584101
email: ajacademyraichur@gmail.com